نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے رواں ماہ کے دوران ترشاوہ اور امرود کے باغات کی دیکھ بھال بارے سفارشات جاری کردیں

لاہور10 جنوری2025: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق باغبان حضرات ترشاوہ پھلوں کی بیمار،سوکھی اور غیر ضروری شاخوں کی کانٹ چھانٹ کریں۔کنو،مسمی وغیرہ کی برداشت جاری رکھیں اور برداشت شدہ پودوں کی شاخ تراشی تیز دھار آلات سے کرتے رہیں۔نئے باغات لگانے کے لیے زمین کی تیاری کریں اور گڑھے کھودیں۔باغبان محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورہ سے ترشاوہ باغات میں متوازن کیمیائی کھادیں ڈالیں۔اگر دسمبر میں گوبر کی گلی سڑی کھاد نہیں ڈالی جاسکی تو رواں ماہ کے پندرھواڑہ میں ڈال دیں۔ترشاوہ پھلوں کی گدھیڑی کے انسداد کے لیے زمین پر گوڈی کریں اور مناسب زہر پاشی کریں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا کہ امرود کے چھوٹے پودوں کو کورے سے بچائیں۔کورے سے متاثرہ شاخوں کو اس وقت تک نہ کاٹیں جب تک کورے کا خطرہ مکمل طور پر ختم نہ ہو جائے۔باغات سے جڑی بوٹیوں کا خاتمہ کریں اور ایک آبپاشی کریں۔جڑی بوٹیوں کے کنٹرول کیلئے باغبان ہل چلائیں مگر اس بات کا خیال رکھیں کہ پودے کی جڑیں زیادہ گہرائی میں نہیں ہوتیں اس لیے گہرا ہل نہ چلائیں ورنہ جڑوں کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہوسکتا ہے۔

☆☆☆☆